# SCHOOL BASED ASSESSMENT 2024-25

**Mid-Term**

## Islamiat Grade 5

**School Name:** ____________________

## ANSWER KEYS

| | | |
|---|---|---|
| Q. No.1 : b | Q. No.2 : c | Q. No.3 : b |
| Q. No.4 : b | Q. No.5 : b | Q. No.6 : c |
| Q. No.7 : a | Q. No.8 : a | Q. No.9 : c |
| Q. No.10 : d | | |

## ANSWERS / RUBRICS

**Question No: 11**

سوال نمبر11

**a ) How Masjid e Nabwi was constructed? (2)**

مسجد نبوی کی تعمیر کیسے ہوئی؟(2)

آیٹم روبرک (اردو):
اگر طالب علم سوال کا جواب مکمل درست لکھتا ہے تو اسے پورے (2) نمبر دیے جائیں۔ جزوی درست جواب پر 1 نمبر دیں۔ بالکل غیر متعلقہ جواب لکھنے پر صفر نمبر دیا جائے۔
:نمونے کے جواب کی ایک مثال
ہجرت مدینہ کے بعد نبی کریم خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم نے مدینہ منورہ میں مسجد کی تعمیر کا ارادہ فرمایا۔ جس زمین کو آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم نے پسند فرمایا وہ دو یتیم بچوں کی تھی جن کو زمین کی پوری قیمت ادا کی۔ اس زمین پر آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم نے مسجد نبوی تعمیر فرمائی۔

**Describe the excellence of Masjid-e-Nabwi.(4)**

مسجد نبوی کی فضیلت بیان کریں۔(4)

آیٹم روبرک (اردو):
اگر طالب علم سوال کا جواب مکمل درست لکھتا ہے تو اسے پورے (4) نمبر دیے جائیں۔ جزوی درست جواب پر 1 تا 3 نمبر دیں۔ بالکل غیر متعلقہ جواب لکھنے پر صفر نمبر دیا جائے۔
:نمونے کے جواب کی ایک مثال
مسجد نبوی مقدس ترین مساجد میں سے ایک ہے۔ مسجد نبوی میں نماز پڑھنا بہت فضیلت والا عمل ہے۔ آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم نے مسجد نبوی کی فضیلت اس طرح بیان فرمائی
ترجمہ: میری اس مسجد میں نماز، مسجد حرام کے سوا تمام مساجد میں نماز سے ایک ہزار درجہ زیادہ افضل ہے۔
نبی اکرم خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کا روضہ مبارک بھی مسجد نبوی میں ہے۔ حج کے لیے جانے والے لوگ مسجد نبوی اور روضہ رسول خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی زیارت بھی کرتے ہیں۔ مسجد نبوی میں ایک مقام ریاض الجنتہ ہے۔ آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم نے فرمایا
ترجمہ: میرے گھر اور میرے منبر کے درمیان کی زمین جنت کے باغوں میں سے ایک باغ ہے۔

**In the context of the role of Masjid-e-Nabawi in the Islamic state, what changes should we make in our Masaajid? (4)**

مسجد نبوی کے اسلامی ریاست میں کردار کے تناظر میں ہمیں اپنی مساجد میں کیا تبدیلیاں کرنی چاہئیں؟(4)

آیٹم روبرک (اردو):

اگر طالب علم سوال کا جواب مکمل درست ہے تو اسے پورے (4) نمبر دیے جائیں۔ جزوی درست جواب پر 1 تا 3 نمبر دیں۔ بالکل غیر متعلقہ جواب لکھنے پر صفر نمبر دیا جائے۔
:نمونے کے جواب کی ایک مثال
مسجد نبوی اسلامی ریاست کا ایک اہم مرکز بنی۔ یہ مسلمانوں کے لیے عبادت گاہ کے ساتھ ساتھ ایک تربیت گاہ بھی تھی۔ یہاں مسلمانوں کو دین اسلام کی تعلیم دی جاتی۔ نبی اکرم خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم اہم معاملات پر صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیھم اجمعین سے مشاورت فرماتے۔ جہاد پر دوسرے ملکوں اور قبیلوں سے آنے والے وفود کو مسجد نبوی میں ٹھہرایا جاتا اور اہم روانگی سے قبل مجاہدین یہاں جمع ہوتے اور حکمت عملی تیار کرتے۔ معاملات پر ان سے گفتگو کی جاتی۔ اسی مرکز سے اسلام کی نشرواشاعت کے لیے وفود اور جماعتوں کو روانہ کیا جاتا۔ دور حاضر میں بھی اس کردار سے رہنمائی لینی چاہئیے۔

**Question No: 12**

---

سوال نمبر 12

---

**<u>a )</u> What is meant by kindness? (3)**

رحم دلی سے کیا مراد ہے؟(3)

آیٹم روبرک (اردو):
اگر طالب علم رحم دلی کا جواب مکمل درست لکھتا ہے تو اسے پورے (3) نمبر دیے جائیں۔ جزوی درست جواب پر 1 تا 2 نمبر دیں۔ بالکل غیر متعلقہ جواب لکھنے پر صفر نمبر دیا جائے۔
:نمونے کے جواب کی ایک مثال
رحم دلی اللہ تعالیٰ کی صفات میں سے ہے جسے وہ اپنے بندوں میں بھی پسند کرتا ہے۔ رحم دلی سے مراد مخلوق سے شفقت اور نرمی کا معاملہ کرنا ہے۔

**In the light of Hadith صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم, explain the attribute of forgivness of Allah Almighty. (3)**

حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی روشنی میں اللہ تعالیٰ کی صفت عفوودرگزر کو واضح کریں۔(3)

آیٹم روبرک (اردو):
اگر طالب علم سوال کا جواب مکمل درست لکھتا ہے تو اسے پورے (3) نمبر دیے جائیں۔ جزوی درست جواب پر 1 تا 2 نمبر دیں۔ بالکل غیر متعلقہ جواب لکھنے پر صفر نمبر دیا جائے۔
:نمونے کے جواب کی ایک مثال
معاف کرنا اور رحم کرنا اللہ تعالیٰ کی عظیم خوبیوں میں سے ہے۔ ایک حدیث کے مطابق جو شخص زمین والوں پر رحم کرتا ہے آسمانوں والا اس پر رحم کرتا ہے۔

**Write down any four social benefits of adopting forgivness and mercy. (4)**

عفوودرگزر اور رحم دلی اپنانے کے کوئی سے چار معاشرتی فوائد تحریر کریں۔(4)

آیٹم روبرک (اردو):
اگر طالب علم سوال کا جواب مکمل درست لکھتا ہے تو اسے پورے (4) نمبر دیے جائیں۔ جزوی درست جواب پر 1 تا 3 نمبر دیں۔ بالکل غیر متعلقہ جواب لکھنے پر صفر نمبر دیا جائے۔
:نمونے کے جواب کی ایک مثال
:عفوودرگزر اور رحم دلی اپنانے سے
دل صاف رہتے ہیں۔
آپس میں محبت بڑھتی ہے۔
معاشرہ امن کا گہوارہ بنتا ہے۔
اللہ بندے کی عزت بڑھاتا ہے۔

**Question No: 13**

---

سوال نمبر 13

---

**<u>a )</u> What is meant by brotherhood?(2)**

اخوت سے کیا مراد ہے؟(2)

آیٹم روبرک (اردو):
اگر طالب علم مطلوبہ سوال کا جواب مکمل درست لکھتا ہے تو اسے پورے (2) نمبر دیے جائیں۔ جزوی درست جواب پر 1 نمبر دیں۔ بالکل غیر متعلقہ جواب لکھنے پر صفر نمبر دیا جائے۔
:نمونے کے جواب کی ایک مثال
اخوت سے مراد ہے کہ سب مسلمان آپس میں بھائی بھائی ہیں۔ قرآن مجید نے ایمان والوں کو ایک دوسرے کا بھائی قرار دیا ہے۔

**Explain what is the basis of brotherhood. (4)**

اخوت کی بنیاد کس چیز پر ہے؟ وضاحت کریں۔(4)

آیٹم روبرک (اردو):

اگر طالب علم مطلوبہ سوال کا جواب مکمل درست لکھتا ہے تو اسے پورے (4) نمبر دیے جائیں۔ جزوی درست جواب پر 1 تا 3 نمبر دیں۔ بالکل غیر متعلقہ جواب لکھنے پر صفر نمبر دیا جائے۔

:نمونے کے جواب کی ایک مثال

اخوت کی بنیاد ایمان اور اسلام پر ہے۔ یعنی سب کا ایک رب، ایک رسول، ایک کتاب، ایک قبلہ اور ایک دین ہے۔ اسلام نے رنگ، نسل، ملک و قوم اور زبان کے فرق کو مٹا دیا ہے۔ غلام آزاد ہو گئے اور انہیں وہ مقام و مرتبہ ملا کہ حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو میرے آقا، میرے سردار کہا گیا۔ جو شخص بھی کلمہ طیبہ کا اقرار کر لیتا ہے وہ امت مسلمہ کا حصہ بن جاتا ہے۔

**How can we establish an environment of brotherhood in the current society? (4)**

موجودہ معاشرے میں ہم اخوت کی فضا کیسے قائم کر سکتے ہیں؟ (4)

آئیٹم روبرک (اردو):

اگر طالب علم مطلوبہ سوال کا جواب مکمل درست لکھتا ہے تو اسے پورے (4) نمبر دیے جائیں۔ جزوی درست جواب پر 1 تا 3 نمبر دیں۔ بالکل غیر متعلقہ جواب لکھنے پر صفر نمبر دیا جائے۔

:نمونے کے جواب کی ایک مثال

اخوت مسلمانوں کے اتحاد کی علامت ہے۔ اخوت کے تعلق کی بنا پر سب ایک دوسرے کا فائدہ سوچیں، دکھ سکھ میں شریک ہوں اور ایک دوسرے کے کام آئیں۔ ہمیں چاہیے کہ اس اخوت کے رشتے کی قدر کریں۔ اپنے مسلمان بھائی کی جان و مال اور عزت و آبرو کا خیال کریں۔ ایک دوسرے کی خیر خواہی، بھلائی اور محبت کے جذبے کو قائم رکھیں تاکہ یہ رشتہ ہمیشہ مضبوط رہے۔